Civil Services (Main)
Examination- 2025

SLPM–U–URD

# اردو (پرچہ—I)

# (ادب)

کل مارکس : 250

مقررہ وقت : تین گھنٹے

## سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات

(برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو، جواب لکھنے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں)

اس پرچے میں آٹھ سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

امیدوار کو کل پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے تین **(3)** کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم از کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو، اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

---

# URDU (PAPER—I)

## ( LITERATURE )

Time Allowed : Three Hours

Maximum Marks : 250

## QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS

(Please read each of the following instructions carefully before attempting questions)

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly. Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

## SECTION—A

1۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے : 10×5=50

(a) زبان اور بولی کے فرق کو واضح کرتے ہوئے اپنا جواب لکھئے۔

(b) قدیم ہند آریائی زبانوں نے اردو زبان کو کس طرح متاثر کیا؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(c) مغربی ہند سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہم بولیاں کون کون سی ہیں؟ وضاحت سے جواب لکھئے۔

(d) ''املا کی سب سے زیادہ غلطیاں ہمزہ کے غیر ضروری اور غلط استعمال سے ہوتی ہیں''۔ کیا آپ اس رائے سے متفق ہیں؟ مدلل جواب لکھئے۔

(e) حروف شمسی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مثالوں سے وضاحت کیجئے۔

2۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) آپ کے خیال میں اردو زبان کی پیدائش کے متعلق کس ماہر لسانیات کے خیالات سب سے جامع اور قابلِ قبول ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ 20

(b) وسطی ہند آریائی دور میں فروغ پانے والی بولیوں کا خاکہ پیش کیجئے۔ 15

(c) جدید ہند آریائی زبانوں کا تعارف پیش کیجئے۔ 15

3۔ درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ''دکنی ، اردو کی اس منزلِ ارتقا کی نمائندگی کرتی ہے جبکہ وہ تشکیلی حالت میں مختلف بولیوں کے اثرات لیے دکن پہنچ گئی''۔ نمونے رقوم کر وضاحت کیجئے۔ 20

(b) ’سب رس‘ کی لسانی اور ادبی اہمیت پر ایک نوٹ لکھئے۔ 15

(c) قطب شاہی اور عادل شاہی دور کے اہم ادبی کارناموں پر تنقیدی جائزہ پیش کیجئے۔ 15

4. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ” اردو زبان کا خاص لب و لہجہ جس نے اسے درجۂ اعتبار بخشا وہ فارسی کے اثرات کا مرہون منت ہے“۔
اس قول کا محاسبہ کیجئے۔ 20

(b) ” اردو کھڑی بولی سے نکلی ہے“۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ مدلل جواب لکھئے۔ 15

(c) ” اردو کا مروجہ رسم الخط اس اعتبار سے نہایت جامع ہے کہ وہ اس زبان کی ساری مروج آوازوں کی صحیح نمائندگی کرتا ہے“۔ بحث کیجئے۔ 15

## SECTION—B

5. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے۔ 10×5=50

(a) اردو میں ڈرامے کے آغاز اور ارتقاء پر ایک نوٹ لکھئے۔

(b) داستان اور ناول کے فرق کو نمایاں کیجئے۔

(c) اکیسویں صدی میں لکھے گئے چند اہم ناولوں کا تعارف کیجئے۔

(d) ” مرثیہ نے اردو شاعری میں رزمیہ (Epic) کی کمی کو پورا کیا ہے“۔ تبصرہ کیجئے۔

(e) جدید نظم کے اہم شعراء پر ایک تعارفی نوٹ لکھئے۔

**6.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) ترقی پسند تحریک نے اردو ادب کو باثروت کیا ہے۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ جواب لکھئے۔ 20

(b) صنعتِ ایہام کی تعریف کیجئے اور بتایئے کہ ایہام گوئی کی تحریک نے اردو شاعری پر کیا مثبت اور منفی اثرات مرتب کئے ہیں۔ 20

(c) ''دہلی کی شاعری جذبے کی شاعری ہے لکھنؤ کی شاعری جذبے کو فن پر قربان کر دیتی ہے''۔ اس قول کی روشنی میں دبستانِ دلّی اور دبستانِ لکھنؤ کی شاعری کے فرق و امتیاز کو اُجاگر کیجئے۔ 10

**7.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) اردو میں تنقید کے آغاز اور ارتقا سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 20

(b) آپ کی نظر میں کسی فن پارے کی قدر و قیمت متعین کرنے میں کون سا دبستانِ نقد زیادہ کارآمد ہے؟ 10

(c) ''کلیم الدین احمد : بحیثیت نقاد'' اس عنوان پر ایک نوٹ لکھئے۔ 20

**8.** درج ذیل عنوانات پر مضمون لکھئے / سوال کے جواب لکھئے :

(a) ڈیٹا چوری اور پرائیویسی (Data theft and privacy) 20

(b) سوشل میڈیا کا کثرتِ استعمال اور سماجی بگاڑ 15

(c) ''مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) تخلیقی ادب کے لئے مضر ہوگی''۔ اس موضوع پر مدلل تبصرہ کیجئے۔ 15

★★★